### مومنہ عورت کا ذبیحہ

**سوال:** عورت مومنہ کا ذبیحہ جائز ہے یا نہیں؟

**جواب:** عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ كَانَ لَهُ غَنَمٌ تَرْعٰى بِسَلْعٍ فَأَبْصَرَتْ جَارِيَةٌ لَنَا بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِنَا مَوْتًا فَكَسَرَتْ حَجَرًا فَذَبَحَتْهَا بِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ بِأَكْلِهَا

رواہ البخاری (مشکوٰۃ کتاب الصید)

یعنی کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہماری بکریاں تھیں ہماری ایک لونڈی نے ایک بکری مرتی ہوئی دیکھی پتھر توڑ کر اس کی دھار سے بکری ذبح کر دی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔ آپ نے اس کے کھانے کا حکم دیا۔ ــــ اس حدیث سے دو باتیں ثابت ہوئیں ایک عورت کا ذبح کرنا دوم ہر خون بہانے والی شے سے جواز ذبح خواہ چھری وغیرہ ہو یا پتھر کی پھانک وغیرہ جس سے خون بہہ جائے۔

عبداللہ امرتسری روپڑی

# مصافحہ کا بیان

### محرم عورتوں کے ساتھ مردوں کا مصافحہ

**سوال:** محرم عورتوں کے ساتھ مردوں کا مصافحہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**جواب:** جب بوسہ جائز ہے تو مصافحہ میں کیا حرج ہے یہ تو معمولی ہے حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ملاقات کے وقت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا بوسہ لیتے اور فاطمہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ (مشکوٰۃ باب المصافحہ)

اسی طرح بیماری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بوسہ لیا۔ (مشکوٰۃ باب المصافحہ)

### عورتوں کا عورتوں سے مصافحہ

**سوال۔** عورتوں کو عورتوں کے ساتھ مصافحہ یا معانقہ کرنا جائز ہے یا نہیں۔

**جواب۔** یہ اصولی مسئلہ ہے کہ مردوں کے احکام عورتوں کو شامل ہوتے ہیں جب تک استثناء نہ ہو عورتیں جدا نہیں سمجھی جاتیں جیسے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا یہ خطاب اگرچہ مردوں کو ہے مگر عورتیں بھی اس میں داخل ہیں اس طرح مصافحہ معانقہ سمجھ لیں پس مصافحہ معانقہ کا حکم جیسے مردوں مردوں میں تھا ویسے ہی عورتوں میں ہوگا صرف غیر محرم خارج ہوگا۔

عبداللہ امرتسری روپڑی

## مسجد میں اپنی زوجہ کا بوسہ یا معانقہ

**سوال۔** مسجد میں اپنی منکوحہ کا بوسہ معانقہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**جواب۔** صریح نص اس بارہ میں کوئی نہیں البتہ ادب کے خلاف ہے اور آیت کریمہ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ یہ نہ چاہیئے۔

عبداللہ امرتسری روپڑی

# ضبط تولید کا بیان

## ضبط تولید

**سوال۔** ضبط تولید جائز ہے یا نہیں؟ جس عورت کو حمل جلد قرار پائے وہ حمل کو بالکل روکنے کے لئے یا وقفہ سے ہونے کے لئے کوئی دوا استعمال کر سکتی ہے یا مرد کوئی ایسی ترکیب کر سکتا ہے جس سے حمل بالکل نہ ہو یا دیر سے ہو؟

حفیظ الرحمن بی اے بی ٹی گورنمنٹ ہائی سکول للت پور ضلع جھانسی یو پی

**جواب۔** دوا کھانی تو اچھی نہیں کیونکہ یہ خصی کرنے کے مشابہ ہے جس سے حدیث میں نہی آئی ہے اور کچھ مدت تک حمل نہ ٹھہرنے کی وجہ میں بھی خطرہ ہے کہ کہیں زیادہ نقصان نہ پہنچ جائے جو حمل کی